26/06/2026

09:25 /AM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں شیخ انورالحق

زلزلہ

وینز ویلا میں کل صبہ آئے تباہ کن زلزلے کے نتیجے میں مرنے والوں کی تعداد بڑھ کر 188ہو گئی ہے جبکہ15سو سے زیادہ افراد زخمی ہوگئے ہیں اور200کے قریب پھنسے ہوئے بتائے جا رہے ہیں۔

حکام نے بتایا ہے کہ2ہزار927کنبے بے گھر ہو گئے ہیں۔ وینزویلا میں کل صبہ7اعشاریہ5اور7اعشاریہ2 شدت کے2شدید جھٹکے آئے تھے جس کے نتیجے میں وہاں یہ تباہی مچ گئی۔

LG

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے جولائی کے پہلے ہفتے میں شروع ہونے والی سالانہ شری امر نا تھ جی یاترا کے سلسلے میں تمام تر انتظامات اور تیاریاں پیشگی مکمل کرنے کی ہدایت دی ہے۔

اننت ناگ میں شری امر نا تھ جی یاترا سے متعلق2روزہ بین الاقوامی کانفرنس کی اختتامی تقریب سے خطاب کر تے ہوئے منوج سنہا نے کہا کہ غیر یقینیت کے اس دور میں یہ یاترا ہمیں کثرت میں وحدت کا پیغام دیتی ہے۔

-------LG-------

لیفٹنٹ گورنر نے پہلگام میں یاترا کے ننون بنیادی کیمپ کا دورہ کرکے وہاں شر دھالوؤں کے لئے کئے گئے انتظامات کا برسر موقع تفصیلی جائزہ لیا۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے جمونو کشمیر میں جھیلوں کے تحفظ کےلئے دیر پا ادارہ جا تی تال میل ، سائنسی منصوبہ بندی اور بروقت عمل آوری پر زور دیا ہے۔

سرینگر میں لیک کنزرویشن اینڈ منیجمنٹ اتھارٹی کی 27ویں بورڈ کی میٹنگ کی صدارت کر تے ہوئے وزیر اعلیٰ نے ڈل، نگین، خوشحال سر اور گِلسر جیسی جھیلوں میں جا ری تحفظاتی کاموں کے علاوہ ان سے جڑے بنیادی ڈھانچے اور انتظامی معاملات کاتفصیلی جائزہ لیا۔

عمر عبداللہ نے متعلقہ محکموں اور اتھارٹیز کو ہدایت دی ہے کہ وہ قانونی ضوابط اور ماحولیاتی معیارات کے ساتھ جھیلوں سے جڑے زیرتعمیر پروجیکٹوں پر کام کی رفتار میں سرعت لائیں۔

یوم عاشورہ

آج عاشورہ

ۂ محرم ہے۔ اس سلسلے میں وادی خاص طور سے شیعہ آبادی والے علاقوں میں عزاداری اور ذولجناح اور علم شریف کے جلوسوں کا اہتمام ہے، جس کےلئے انتظامیہ کی جانب سے تمام ضروری انتظامات اور تیاریاں مکمل ہیں۔

ان تقریبات کے دوران عقیدت مند شہدائے کر بلا کی عظیم قربانیوں کو یاد کر کے شہیدوں کو خراج عقیدت پیش کیا جا رہا ہے۔ سرینگر میں سب سے بڑا جلوس بوٹہ کدل سے امام بار گاہ زڈی بل تک نکلے گا۔ اسکے علاوہ بڈگام اور وادی کے دیگر اضلاع کے شیعہ آبادی والے علاقوں میں بھی یوم عاشورہ کی تقریبات منا ئی جا رہی ہیں، جن میں ماتم کناں سینہ کوبی کر کے مرثیہ اور نوحہ خوانی کر رہے ہیں۔

------Nouha------

ان تقریبات کے بلا خلل انعقاد کےلئے جا ری کردہ ٹریفک ایڈوائزری کے مطابق عام لوگوں کو مشورہ دیا گیا ہے کہ وہ محرم کی تقریبات والے علاقوں میں غیر ضروری طور جانے سے گریز کریں۔

سکینہ ایتو

تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے گذشتہ2برس کے دوران شعبہ تعلیم میں حاصل کر دہ کامیابیوں کو اُجاگر کر تے ہوئے کہا ہے کہ سرکار مساوی مواقعے اور اداروں میں جدیدیت لاتے ہوئے معیاری اور شمولیاتی تعلیم کی فراہمی یقینی بنانے کےلئے پُر عزم ہے۔

سرینگر میں ہما چل پردیش کے وزیر تعلیم روہت ٹھاکر کے ساتھ بات چیت کے دوران سکینہ ایتو نے کہا کہ اختراع اور ٹیکنالوجی کو بروئے کار لاتے ہوئے شعبہ تعلیم کو مزید کامیابیوں سے ہمکنار کیا جائے گا۔

دونوں وزراءنے تعلیمی شراکت داری کو مضبوط کرنے پر گفت و شنید کی۔

ستیش شرما

کھیل کود کے وزیر ستیش شرما نے چندن واڑی کا دورہ کر کے وہاں یاترا2026کے سلسلے میں کئے گئے انتظامات کا جائزہ لیا۔

انہوں نے کشمیری پنڈت کالونی وِیسو میں منعقد کر دہ ایک کھیل ایونٹ میں بھی شرکت کی۔

کانفرنس

وزارت تعاون کی جانب سے سرینگر میں " سہکار سے سمردھی ویژن سے زمینی حقیقت تک" کے موضوع سے آٹھویں2روزہ قومی کانفرنس جا ری ہے۔

کانفرنس کے پہلے روز بھارت کے کواپریٹیو کے شعبے کے مستقبل کے ویژن اور نقش راہ پر غور خوض کےلئے زمینی تجربات اور حقیقی حالات کو بنیادی ستون قرار دیا گیا ۔

کانفرنس میں قومی فیڈریشنوں سے کہا گیا کہ وہ مختلف سکیموں کےلئے ریاستی سط□ کے مطابق منصوبے تیار کرے اور ان کے نفاذ کی باقاعدہ نگرانی یقینی بنائیں۔

قومی کانفرنس میں تیز رفتار عمل در آمد اور ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کےلئے آئندہ6ماہ کے اہداف کے حوالے سے قابل عمل نکات بھی سامنے آئے۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت18 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ24.8ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ

..

....

....

..